PR NO 13

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کے افسران کی حضرو میں کھلی کچہری

متعدد شکایت کنندگان کی گیس، بجلی اور نادرا کے خلاف شکایات موقع پر ہی حل کروادیں

اسلام آباد( ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے ایڈوائزر میجر جنرل (ر) ہارون سکندر پاشا اور کنسلٹنٹ خالد سیال نے گزشتہ روز حضرو ضلع اٹک میں کھلی کچہری کے دوران وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سنیں اور متعلقہ اداروں کے افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کر کے گیس، بجلی اور نادرا کے خلاف متعدد شکایات موقع پر ہی حل کروادیں۔ کھلی کچہری میں شکایت کنندگان نے بجلی، گیس، نادرا، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام، نیشنل ہائی وے اتھارٹی، کنٹونمنٹ بورڈ، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن اور پاکستان پوسٹ آفس کے علاوہ وفاقی اور صوبائی محکموں کے خلاف بڑی تعداد میں شکایات پیش کیں۔ زیادہ تر شکایات بجلی و گیس کے کنکشن اور زائد بلوں، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام سے مالی امداد نہ ملنے اور شناختی کارڈ کے اجراء میں تاخیر سے متعلق تھیں۔ وفاقی محتسب کے افسران نے متعلقہ اداروں کو شکایات کے ازالے کے لئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے۔ متعدد شکایت کنندگان نے بتایا کہ ان کے بجلی کے ناجائز بل درست نہیں کئے جا رہے۔ بجلی و گیس کے کنکشن کے لئے ڈیمانڈ نوٹس جمع کرائے مگر ابھی تک ان کے کنکشن نہیں لگے۔ کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کے افسران نے حضرو میں تحصیل انتظامیہ کے افسران سے بھی ملاقات کی اور ان سے عوامی مسائل کو حل کرنے کے حوالے سے بات کی۔ کھلی کچہری میں وفاقی اداروں کے مقامی افسران اور حضرو کی اسسٹنٹ کمشنر عائشہ بدر سمیت ضلعی انتظامیہ کے مقامی افسران اور میڈیا کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ قبل ازیں وفاقی محتسب کے ایڈوائزر نے وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی لیکچر بھی دیا۔ کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کے ایڈوائزر نے میڈیا کے نمائندوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ میڈیا کی وجہ سے عوام الناس میں وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی پیدا ہو رہی ہے۔ انہوں نے میڈیا کے سوالات کے جوابات بھی دیئے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

0333-5333266

26 فروری 2025ء